BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن بہتر اقدامات کے ساتھ سردیوں کے موسم کی تیاری کر رہا ہے

برامپٹن، آن (10 نومبر 2023) – جیسا کہ موسم سرما سر پر آن پہنچا ہے، تو اس کی تیاری کے لیے سٹی آف برامپٹن نے اپنی گاڑیوں اور آلات کا ایک بیڑا تیار کر لیا ہے اور اس سیزن میں کمیونٹی کو چوبیس گھنٹے محفوظ رکھنے کے لیے نئے اور پہلے سے کہیں بہتر اقدامات متعارف کروا رہا ہے۔

**برف صفائی کی مالی امداد میں اضافہ**

سٹی آف برامپٹن اپنے مالی معاونت کے پروگرام کو بڑھا رہا ہے تاکہ اپنے عمر رسیدہ شہریوں اور معذور افراد کو فٹ پاتھوں اور ڈرائیو ویز سے برف ہٹانے کے لیے کسی قسم کی خدمات حاصل کرنے کے اخراجات میں مدد فراہم کی جا سکے۔ کرایہ پر رہائش پذیر افراد اس سال کے آغاز پر اس پروگرام کے لیے درخواست دے سکیں گے۔ اہل درخواست دہندگان غیر کارنر لاٹ پراپرٹیز کے لیے 300$ تک یا کارنر لاٹ پراپرٹیز کے لیے 400$ تک کی گرانٹ حاصل کر سکیں گے۔

درج ذیل لنک پر اہل امیدوار مزید جان سکتے ہیں اور یہاں پر درخواست بھی دے سکتے ہیں: سٹی آف برامپٹن | سڑکیں اور ٹریفک | برف ہٹانے کے لیے مالی امداد

**شدید موسمی حالات کے دوران سڑکوں کو محفوظ اور کھلا رکھنا**

گلیوں میں گاڑیاں کھڑی کرنے کی اجازت نہیں ہو گی اور سردیوں کے شدید حالات کے دوران اس پر عمل درآمد کیا جائے گا۔ برف صفائی کے ہل، نمک پاشی اور ہنگامی امدادی گاڑیوں کا راستہ کھلا رکھنے کے لیے شہری اپنی گاڑیوں کو موزوں جگہوں پر کھڑی کریں۔

پارکنگ کے جرمانوں میں تبدیلیاں

سڑکوں پر کھڑی گاڑیاں موسم سرما کے طوفانی حالات کے دوران مؤثر طریقے سے ہل چلانے اور برف ہٹانے کی سٹی کی صلاحیت میں رکاوٹ بنتی ہیں۔ سٹی آف برامپٹن نے اپنے ایڈمنسٹریٹو مونیٹری پینلٹی سسٹم (AMPS) بائی لاء 2013-333 میں ترمیم کی ہے، تاکہ برف ہٹانے اور/ یا موسم سرما کی ہنگامی خدمات میں مداخلت پیدا کرنے والی گاڑیوں کے لیے مقررہ جرمانے میں اضافہ کیا جا سکے۔

- پہلی خلاف ورزی: 125$
- دوبارہ خلاف ورزی: 250$
- بعد کی خلاف ورزیاں: 500$

گاڑیوں باندھ کر لے جانے میں اضافہ

موجودہ طریقہ کار کے مطابق، قانون نافذ کرنے والے افسران برف ہٹانے میں رکاوٹ پیدا کرنے والی گاڑیوں کی نشاندہی کرتے ہیں، انہیں جرمانے کے نوٹس جاری کرتے ہیں اور جب ضروری ہو، تو غیر قانونی طور پر کھڑی گاڑیوں کو باندھ کر لے جانے کا بندوبست کرتے ہیں۔ جبکہ 24-2023 کے موسم سرما میں نئی بات یہ ہو گی کہ سٹی ہل چلانے کے آپریشن سے پہلے سڑکوں کا معائنہ کرنے کے لیے عملہ تعینات کرے گا اور جب ضروری ہوا، تو ٹوئنگ انفورسمنٹ کی سرگرمیوں کو بہتر بنانے کے لیے غیر قانونی طور پر کھڑی گاڑیوں کو باندھ کر لے جایا جائے گا۔

**برامپٹن کا سنو پلو ٹریکر**

شہری www.brampton.ca/snow اور 311 موبائل ایپ پر سٹی کے پلو ٹریکر کا استعمال کرتے ہوئے دیکھ سکتے ہیں کہ کون سی سڑکوں اور فٹ پاتھوں کو عملے نے صاف کیا ہے۔ اس ٹول کا استعمال کرتے ہوئے، رہائشی برف کی دیکھ بھال میں ہونے والی پیشرفت، سڑک کی ترجیحات اور اگر ان کے قریب ہل موجود ہو، تو وہ اپنی گاڑیوں کو سڑک سے ہٹا سکتے ہیں۔ سروس کی درخواستیں درج ذیل پر بھی جمع کرائی جا سکتی ہیں۔

**فوری حقائق:**

ہر سال، سٹی موسم سرما میں برف ہٹانے اور بحالی کی درج ذیل سے زیادہ خدمات فراہم کرتا ہے:

- 4,120 لین کلومیٹر سڑکیں،
- 1,015 کلومیٹر فٹ پاتھ کے سامنے شہر کی ملکیتی جائیدادیں،
- 2,556 ٹرانزٹ اسٹاپس،
- 217 کلومیٹر تفریحی راستے،
- 191 اسکول کراسنگ کے مقامات، اور
- 86 سٹی کی سہولت گاہوں کی پارکنگ لاٹس۔

موسم سرما کے دوران جب پانچ سینٹی میٹر برف جمع ہو جاتی ہے، تو عملہ سڑکوں پر ہل چلانے کا کام شروع کر دیتا ہے ۔ سٹی سب سے پہلے بڑی سڑکوں کی صفائی کو ترجیح دیتا ہے تاکہ سب زیادہ ٹریفک کی حامل سڑکوں کو پہلے محفوظ بنایا جا سکے اور اس کے بعد شہر کی دوسری مقامی سڑکوں کی باری آتی ہے۔

ہنگامی صورت حال میں، رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ حفاظتی کٹ کے ساتھ کم از کم 72 گھنٹے تک اپنی یا اپنے خاندان کی دیکھ بھال کے لیے تیاری رکھیں۔

ایک پُرعزم ٹیم جو مستعدی کے ساتھ نئے اقدامات پر عمل درآمد کرتی ہے، کے ساتھ برامپٹن اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تیار ہے کہ ہماری سڑکیں، فٹ پاتھ، ٹرانزٹ اسٹاپ، تفریحی پگڈنڈیاں اور اسکول کراسنگز سے برف کو فوری طور پر ہٹا کر انہیں آمدورفت کے لیے محفوظ تر بنایا جائے۔

**لنکس**

- [سٹی آف برامپٹن | سڑکیں اور ٹریفک | برف ہٹانے کے لیے کاروائیاں]

**اقتباسات**

"سٹی آف برامپٹن کی ٹیم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے چوبیس گھنٹے کام کر رہی ہے کہ ہم اس موسم سرما کے دوران اپنے شہر کی ملکیتی سڑکوں، راستوں، کراس واکس، پارکنگ کی جگہوں اور تفریحی راستوں کو محفوظ اور کھلے رکھنے کے لیے ہر وقت تیار رہیں۔ ہمارے پاس کاروائی کا ایک سوچا سمجھا اور بھرپور منصوبہ موجود ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہمارے شہر کی ٹریفک بشمول ہماری ہنگامی و امدادی اور ٹرانزٹ گاڑیاں محفوظ طریقے سے ہماری سٹرکوں پر رواں دواں رہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ موسم سرما کی تیاری ایک اجتماعی کاوش ہے اور آپ کے تعاون سے ہی ہم اس موسم سرما کو سب کے لیے محفوظ بنا سکتے ہیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"ہماری ٹیم کی برف صاف کرنے کی کوششیں سٹی آف برامپٹن کے سب سے بڑے آپریشنز میں سے ایک ہیں۔ ہم ہر سال تمام رہائشیوں کے لیے موسم سرما میں محفوظ رہنے کو یقینی بنانے کے لیے از سر نوعہد کرتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ ہم اس سال پہلے سے بھی کہیں بہتر اقدامات متعارف کروا رہے ہیں مثلاً ہم برف ہٹانے میں مدد تک رسائی میں اضافہ کر رہے ہیں اور برف صاف کرنے کے دوران سڑکوں پر کھڑی گاڑیوں کو امدادی کاروائیوں کی راہ میں رکاوٹ نہیں بننے دیں گے۔ جیسا کہ ہم آپ کے لیے راستے صاف کرتے ہیں، ہم امید کرتے ہیں کہ ہمارا ہر شہری بھی فٹ پاتھوں کو صاف رکھنے، پارک کی گئی کاروں کو سڑک سے ہٹانے، پڑوسیوں کو چیک کرنے اور احتیاط سے گاڑی چلانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ ہماری اجتماعی کوششوں کی بدولت ہی، ہم سب کے لیے ایک محفوظ موسم کو یقینی بنا سکتے ہیں۔"

- *پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر، وارڈز 1 اور 5؛ چیئر، پبلک ورکس کمیٹی، سٹی آف برامپٹن*

"ہمارا وقف عملہ شہر کے وسیع انفراسٹرکچر کو بحال رکھنے کے لیے انتھک محنت کرتا ہے اور اس میں ہماری کمیونٹی کی حفاظت، لطف اندوزی اور رسائی کو یقینی بنانے کے لیے سردیوں کے شدید موسمی حالات میں ان کی امدادی کاروائیاں بھی شامل ہیں۔ اس موسم سرما کے دوران، ٹیم برامپٹن ہمارے شہر کو آسانی سے چلانے اور ہمارے رہائشیوں کو سردیوں میں آنے والے چیلنجوں سے اچھی طرح سے محفوظ رکھنے کے لیے پوری طرح تیار اور پرعزم ہے۔"

- مارلون کیلیڈین، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن

-30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 90,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔**
ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمار ساتھ ٹویٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط رہیں۔ مزید جانیں: www.brampton.ca

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca